# نمونہ رسمی خطوط نویسی

Pratham

1) اپنے گمشدہ پاسپورٹ کے لئے متعلقہ عہدے دار کو ایک درخواست لکھیے۔

جناب منتظم صاحب

ادباً عرض ہے کہ میرا پاسپورٹ فلک نماء تا چار مینار جاتے ہوئے 25 رمئی 2021ء کو راستے میں کہیں گم ہو گیا ہے۔ میں نے اس کو تلاش کرنے کی بہت کوشش کی مگر وہ دستیاب نہیں ہوا اور اخبار میں بھی اشتہار دیا ہوا۔ برائے مہربانی مجھے نیاء پاسپورٹ نکلوانے کے لئے حکم صادر فرمائیں۔

فقط

درخوست گزار

شیخ ابراھیم

فلک نما، حیدرآباد۔ تلنگانہ

2) رخصت کی درخواست

محترم جناب صدر مدرس

ادباً عرض ہے کہ میرے چھوٹے بھائی کی شادی ۱۲ اگسٹ ۲۰۲۱ کو مقرر ہے اس لئے میں ۱۲/ اگست تا ۲۵/ اگست ۲۰۲۱ء اسکول کو آنے سے قاصر ہوں لھذا ان ایام میں میری رخصت منظور فرمائیں تو عین مہربانی ہوگی۔

المرقوم

۱۰/ اگست ۲۰۲۱

فقط

محمد خالد بن عبود

جماعت: نہم

مدرسہ ھذا

3) اسکول کی فیس معاف کروانے کے لئے درخواست لکھئے۔

محترم جناب صدر مدرس

عرض گذارش یہ ہے کہ میں ممتاز حسین فرزند جناب محمد شاکر حسین ساکن بشیر باغ، حیدرآباد۔ میں مدرسہ ہذا میں جماعت ہفتم میں زیرِ تعلیم ہوں۔ ان دنوں میرے والد علیل ہونے کی وجہ سے معاشی حالت بہت خراب ہیں۔ اس لیے امسال اسکول کی فیس ادا کرنے سے قاصر ہوں۔ لہذا آپ سے درخواست ہے کہ اس سال میری اسکول کی فیس معاف کردیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔

المرقوم

۱۹/ جون ۱۹۹۱ء

فقط

آپ کا شاگرد

ممتاز حسین

جماعت ہفتم

4) اپنے محلّہ میں ادارۂ صحت کی منظوری کے لئے درخواست

ریاستی ادارہ صحت خاندانی بہبود

جناب صدر ہمارے علاقہ کالا پتھر میں لوگ مختلف بیماریوں سے پریشان ہیں اوراس کے لئے ان کو بڑی دور دراز کا راستہ طے کرنا پڑتا ہے اور یہاں پر کچھ سواری کا انتظام بھی نہیں ہے جس کی وجہ سے بیماروں کو آمدورفت میں کافی تکالیف کا سامنا ہے۔اسی سلسلہ میں ہم محلّہ والوں کی گزارش ہے کہ اس محلّہ میں ایک ہیلت سنٹر کا قیام عمل میں لائے ،آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔

المرقوم

۲۳/جولائی ۲۰۲۰ء

فقط

اہلیان محلّہ

کالا پتھر،

جہاں نما،حیدرآباد۔تلنگانہ

5) گاڑی چوری ہونے پر پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کروانا

جناب انسپکٹر وانچارج پولیس اسٹیشن

میں نے آفس کنچن باغ ، حیدرآباد کے پاس بتاریخ : 25 /اگست 2021ء کی صبح اپنی گاڑی Passion Pro ،AP11J 2432 پارک کی تھی ۔ 2 گھنٹے کے بعد جب میں کسی کام سے بینک جاکر آیا تو اپنی گاڑی کو پارک کیئے ہوئے مقام پر اسے غائب پایا۔ کافی اِدھر اُدھر پوچھ تاچھ کرنے کے بعد بھی گاڑی کا کوئی سوراغ دستیاب نہیں ہوا۔ لہذا آپ سے ادباً گذارش ہے کہ میری گاڑی کو تلاش کر کے مجھ تک پہنچائیں یا اطلاع دیں تو بڑی مہربانی ہوگی ۔

فقط

محمد سعید

مکان نمبر:12-3-450،

حافظ بابانگر، حیدرآباد۔ تلنگانہ

فون: 8585876531

# نمونہ غیر رسمی خطوط نویسی

1) اپنے دوست کو سالگرہ کی مبارکباد دینے کے لیے خط لکھئے۔

میرے پیارے دوست

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

آج کا دن بڑی مسرت کا دن ہے کہ آج آپ کی سالگرہ ہے اور میں آپ سے بہت دور ہوں ورنہ ہر سال کی طرح اس بار بھی ہم آپ کی سالگرہ ایک ساتھ مناتے اور خوب مستی کرتے۔ لیکن دور ہونے کی وجہ سے میں صرف آپ کو مبارکباد ہی پیش کر سکتا ہوں۔ اللہ آپ کی عمر دراز کرے اور ایسا دن آپ کی زندگی میں بار بار لائے۔ میری طرف سے اپنے تمام دوستوں کو سلام کہنا اور دُعاء کرتے رہنا۔

الرقوم

۱۲؍جون ۲۰۲۱ء

فقط

آپ کا دوست

کاشف قریشی

ممبئی، مہاراشٹرا۔

2) اپنی چھوٹی بہن کو تعلیم کی اہمیت سمجھاتے ہوئے خط لکھنا

میری پیاری بہن

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

سلامت رہو! آپ سب کیسے ہو اور آج کل تمہاری کیا مصروفیات ہے، میں نے سنا ہے کہ آج کل تم اپنی تعلیم میں کافی مصروف ہو۔ یہ جان کر مجھے بہت خوشی ہوئی کیوں کہ یہ زمانہ تعلیم ہی کا زمانہ ہے اور جو تعلیم حاصل کرتا ہے اور قابلیت حاصل کرتا ہے اس کے لیے دنیا میں کئی اہم مواقع حاصل ہوتے ہیں۔ اس لیے خوب دل لگا کر تعلیم حاصل کرو، اپنے والدین اور بھائی بہنوں کا نام روشن کرو۔

الرقوم

۱۴ر ستمبر ۲۰۲۱ء

فقط

تمہارا بڑا بھائی

آصف قریشی

سنتوش نگر، حیدرآباد۔ تلنگانہ

3) اپنی سہیلی کو دوبارہ تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دلانے کے لیے خط لکھئے۔

میری پیاری سہیلی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

سلامت رہو! آپ کی مزاج کیسی ہے، کافی دن ہوئے آپ سے کوئی بات چیت نہیں ہوئی ہے اور نہ ہی کوئی خط آیا۔ معلوم ہوا کہ آپ نے تعلیم ترک کردی ہے۔ پرتھم ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی جانب سے تعلیم ترک کرنے والوں کے لیے ایک پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کا نام سیکنڈ چانس پروگرام ہے۔ اس پروگرام کے تحت تعلیم ترک کرنے والوں کو ایک موقع دیا جاتا ہے اور مفت تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔ لہذا میرا یہ مشورہ ہے کہ اس زرین موقع سے فائدہ اٹھائیں اور آگے کی تعلیم کو جاری رکھیں۔

الرقوم

۱۸/جولائی ۲۰۲۰ء

فقط

تمہاری سہیلی

زوبیا بانو

شاہین نگر، پہاڑی شریف،

حیدرآباد۔ تلنگانہ

4) تفریحی مقامات کی تعریف کرتے ہوئے اپنی والدہ کو خط لکھنا

میری پیاری والدہ محترمہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

سلامت رہو! آپ کی مزاج کیسی ہے، کافی دن ہوئے آپ سے کوئی بات چیت نہیں ہوئی ہے اور نہ ہی کوئی خط آیا۔ میں آپ لوگوں کی دُعا سے اوٹی اور شملہ کی تفریحی کا لطف اٹھایا اور یہاں پر خیریت سے پہنچ گیا۔ یہاں پر بہت ہی خوبصورت مناظر ہیں جو ہماری صحت کے لیے بھی کافی بہتر ہے۔ میرا ارادہ تھا کہ آپ لوگ بھی میرے ساتھ ان تفریحی مقامات کا مشاہدہ کرتے لیکن آپ لوگوں کی طبیعت کے باعث یہ سفر کافی تھکا دینے والا ثابت ہوتا۔ میں جلدی واپس آؤں گا۔ میری فکر نہ کریں، آپ لوگوں اپنی صحت کا خیال رکھیں۔

الرقوم

۲۰/اگست ۲۰۲۰ء

فقط

آپ کا فرمانبردار

شیخ ارمان

ٹولی چوکی، ندیم کالونی،

حیدرآباد۔ تلنگانہ

5) اپنے چھوٹے بھائی کو خرچ کم کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے خط لکھنا

میرے پیاری چھوٹے بھائی

حسین پاشاہ عرف منو

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ کی عمر دراز کریں، میں نے سنا ہے کہ آپ اسکول سے آنے کے بعد اپنے دوستوں میں کافی مصروف رہتے ہیں۔ یہ مناسب نہیں ہے، ایک طالب علم کو اپنی تعلیم میں مصروف رہنا چاہئے اور دوستوں سے شدید ضرورت کے تحت ہی ملاقات کرنا چاہئے کیوں کہ تعلیم کو اکثر دوست خراب کرتے ہیں جس سے مستقبل بھی خراب ہو جاتا ہے اور جس سے خرچ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس لیے اپنے والد کی کمائی کو اپنے دوستوں پر خرچ کرنے کے بجائے اپنی تعلیم پر خرچ کریں تاکہ آپ ایک قابل انسان بن کر اپنے گھر کا نام روشن کرسکے۔ میری بات کا برا نہیں ماننا، ایک بڑا بھائی ہونے کے ناطہ یہ مشورہ دے رہا ہوں۔ اپنا خیال رکھنا اور گھر میں سب کا خیال رکھنا۔ خدا حافظ

الرقوم

۲۸ر مئی ۲۰۲۰ء

فقط

تمہارا بڑا بھائی

محسن پاشاہ

لالہ گوڑہ، سکندرآباد۔ تلنگانہ